P- 373

PR IX (02) 23

اردو (لازمی) (نیو کورس)

9th (Fresh/Reappear)

نوٹ:- سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے 40 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب)

نمبر: ۳۶

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیئے گئے 1 تا 4 سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

ان کے بعد ایک بڑی بھیڑ آئی کہ جس کی تعداد کا شمار نہ تھا۔ معلوم ہوا کہ یہ عاشقوں کا گروہ ہے۔ ان کے سروں پر دود آہ کی گٹھڑیاں تھیں کہ انہی میں آہوں کے تیر خیالی اور نالوں کے نیزہ و بالے بندھے ہوئے تھے۔ اگرچہ یہ لوگ سارے بوجھ کے اس طرح درد سے آہیں بھرتے تھے کہ گویا اب سینے ان کے پھٹ جائیں گے لیکن تعجب یہ ہے کہ جب اس انبار کے پاس آئے تو اتنا نہ ہو سکا کہ ان بوجھوں کو سر سے پھینک دیں۔ کچھ نے جدوجہد سے سر ہلایا مگر جس طرح لدے ہوئے آئے تھے، اسی طرح چلے گئے۔ بہت بڑھیاں دیکھیں کہ بدن کی جھریاں پھینک رہی تھیں۔ چند نوجوان اپنی کالی رنگت، کچھ موٹے ہونٹ اکثر میل جمے ہوئے دانت پھینک رہے تھے کہ جنہیں دیکھ کر شرم آتی تھی۔ مگر مجھے یہی حیرت تھی کہ اس پہاڑ میں سب سے زیادہ جسمانی عیب تھے۔ ایک شخص دیکھا۔ دور کہ اس کی پیٹھ پر بھاری سے بھاری اور بڑے سے بڑا بوجھ ہے مگر خوشی خوشی اٹھائے چلا آتا ہے۔ جب پاس آیا تو معلوم ہوا کہ یہ ایک کبڑا ہے اور آدم زاد کے انبار میں رنج و الم میں اپنے کبڑے پن کو پھینکنے آیا ہے کہ اس کے نزدیک اس سے زیادہ کوئی مصیبت نہیں۔

سوال نمبر: 1 عبارت کے مطابق کن لوگوں کی بھیڑ آئی اور بھیڑ کی تعداد کتنی تھی؟ (4)

سوال نمبر: 2 گٹھڑیوں میں کیا تھا اور جب گروہ انبار کے پاس آیا تو اس نے کیا کیا؟ (4)

سوال نمبر: 3 بڑھیاں کیا پھینک رہی تھیں اور نوجوان کیا پھینک رہے تھے؟ (4)

سوال نمبر: 4 اس انبار میں زیادہ عیب کون سے تھے نیز بھاری بوجھ والے نے انبار میں کیا پھینکا؟ (4)

درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

سوال نمبر: 5 "نعت" کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر: 6 "[illegible] شوق طلب" کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر 7 تا 12 میں کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (5×2=10)

سوال نمبر: 7 دیئے گئے مرکب ناقص کو مرکب تام میں تبدیل کریں۔ (۱) سرسبز کھیت (۲) نیلا آسمان

سوال نمبر: 8 ردیف اور قافیہ کے درمیان فرق لکھیں۔ 0.055

سوال نمبر: 9 مسدس اور مخمس میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر: 10 استعارہ اور تشبیہ کا بنیادی فرق لکھیں۔

سوال نمبر: 11 جملہ فعلیہ کی تعریف لکھیں اور ایک مثال دیں۔

سوال نمبر: 12 دیئے گئے ذو معنی الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کے معنی واضح ہو جائیں۔ (۱) بھاگ: (۲) بھاگ:

سیکشن (ج)

نمبر: ۲۴

سوال نمبر: 13 متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔ (6)

(الف) اس زمانے میں ہمارے قومی تنزلی کا بڑا سبب یہ ہے، کہ ہم قومی اتفاق کو بھول گئے ہیں کسی کس بجز ذاتی منفعت کی قومی بھلائی یا قومی منفعت کا خیال بھی نہیں آتا ہے۔ اگر کوئی کچھ کرتا بھی ہے تو اس کو پہلے اپنی ذاتی غرض مد نظر ہوتی ہے اور قومی بھلائی پردے سے اس کی پردہ پوشی کرنا چاہتا ہے۔ کہ ہمارے کاموں میں برکت نہیں ہوتی۔ 0.055

(ب) خیر کام سے تو ہم نہیں گھبراتے مگر ہر وقت کی مار پیٹ، ذرا بری معلوم ہوتی ہے۔ آخر کار کہاں تک پٹ جایئے۔ یہ آیا، گیا، وہ آیا، وہ گیا۔ بیگم صاحبہ کہہ رہی ہیں لوٹا لا، صاحب زادے صاحب کہہ رہے ہیں پانی لا، صاحبزادی صاحبہ فرما رہی ہیں چل میرے ساتھ کھیل۔ یہ کہہ رہا ہے ادھر آ، وہ کہہ رہا ہے ادھر جا۔ آخر آدمی نہ ہوا گھن چکر ہو گیا۔ جس کا حکم نہ مانو وہی مارے اور حکم مانو، تو کیوں کر مانو، بھلا تین کام ایک آدمی کیونکر کرے۔

سوال نمبر: 14 نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔ (6)

(الف)
سبق پھر پڑھ صداقت کا، عدالت کا، شجاعت کا
لیا جائے گا کام تجھ سے دنیا کی امامت کا
یہی مقصود فطرت ہے، یہی رمز مسلمانی
اخوت کی جہانگیری، محبت کی فراوانی

(ب)
طاعت میں ادب تیرا عصیاں سے ہے گو بڑھ کر
عصیاں میں ہے طاعت سے اقرار سوا تیرا
آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری
گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام صبا تیرا

سوال نمبر: 15 کسی ایک غزل کے جزو کی تشریح کریں اور شاعر کا حوالہ دیں۔ (6)

(الف)
لگتا نہیں ہے جی مرا اجڑے دیار میں
کس کی بنی ہے عالم ناپائیدار میں
عمر دراز مانگ کر لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

(ب)
ہوائے دور مے خوشگوار راہ میں ہے
خزاں چمن سے ہے جاتی، بہار راہ میں ہے
عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر ہستی میں
نہ کوئی شہر، نہ کوئی دیار راہ میں ہے

سوال نمبر: 16 اپنے والد صاحب کو مطالعاتی سیر کی اجازت لینے کے لیے خط لکھیں۔ (یا) (6)

باپ اور بیٹے کے درمیان "صبح کی سیر" سے متعلق مکالمہ تحریر کریں۔

www.ilmkidunya.com

www.ilmkidunya.com